سوال

(548)چانداور سورج کے گرہن ہونے کی پشن گوئی کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

کیاچانداور سورج کے گرہن کے بارے میں پہلے سے پش گوئی کر دینا اولی شرعیہ کے تصام تو نہیں ہے ؟ اللہ تعالیٰ آپ کی حفاظت و نگہداشت فرمائے !

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃاللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نہیں!اس میں کوئی تعارض نہیں ہے کیونکہ اہل علم فرماتے ہیں کہ ان باتوں کا تعلق غیبی امور سے نہیں ہے بلکہ انہیں حساب سے معلوم کیا جاسکتا ہے جس طرح پہلے لوگوں میں سے شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ اور ابن قیم رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے ماہرین فلکیات وحساب چاند اور سورج کی منزلوں سے اس کا حساب لگا لیتے ہیں اور ان طریقوں سے اسے معلوم کر لیتے ہیں۔ جنھیں انہوں نے علم فلکیات میں پڑھا اور معلوم کیا ہوتا ہے علم غیب سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ (شیخ ابن باز رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

[فتاویٰ اسلامیہ : جلد1]

صفحہ نمبر 446

محدث فتویٰ